18-08-2024

08.30 Hrs

HL-Opening

آکاشوانی سے پیش ہے خبرنامہ

(Music)

آداب: خبرنامے کے ساتھ میں کلیم احمد

پہلے اِس وقت کی خاص خبریں

-----------------------------------------------------------

1 وزیر اعظم نریندر مودی نے عالمی جنوب میں ترقی کو تقویت دینے کے لیے انسانوں پر مرکوز جامع عالمی ترقی کی تجویز پیش کی ہے۔

2 انڈین میڈیکل ایسوسی ایشن نے حفظانِ صحت کے پیشہ ور افراد کے خلاف تشدد کی روک تھام کے لیے مرکزی قانون لانے کی خاطر وزیراعظم کی مداخلت چاہی ہے۔

مرکز حفظانِ صحت کے عملے کے لیے حفاظتی اقدامات تجویز کرنے کی خاطر ایک کمیٹی تشکیل دے گا۔

3 وزیر دفاع راجناتھ سنگھ آج چنئی میں انڈین کوسٹ گارڈ کے ایک نئے جدید میری ٹائم Rescue کوآرڈینیشن سینٹر کا افتتاح کریں گے۔

4 وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر آج کویت کا سرکاری دورہ کریں گے۔

5 امریکی عدالت نے کہا ہے کہ 11/26 ممبئی دہشت گردانہ حملے کے ملزم تحور حسین رانا کو بھارت بھیجا جا سکتا ہے۔

6 اور

بھارت نے منگل کو چین کے Chengdu میں شروع ہونے والی جونیئر بیڈمنٹن چیمپئن شپ کے لیے 39 کھلاڑیوں کا دستہ بھیجا ہے۔

(Music)

اب خبریں تفصیل سے۔

PM-Global South

وزیر اعظم نریندر مودی نے بھارت کی جانب سے انسانوں پر مرکوز ایک جامع عالمی ترقیاتی سمجھوتے کی تجویز پیش کی ہے۔ وزیراعظم نے یہ جامع تجویز کَل تیسری Voice of the global southورچوئل سربراہ کانفرنس کے موقع پر اپنی اختتامی تقریب میں پیش کی۔ انھوں نے کہا کہ سربراہ کانفرنس کے نتائج نے ایک ساتھ مل کر آگے بڑھنے کا راستہ ہموار کیا ہے۔ انھوں نے اِس اعتماد کا اظہار کیا کہ اِس تبادلہ خیال سے اُن مقاصد کو حاصل کرنے کی کوششوں کو تقویت ملے گی جو عالمی خطہئ جنوب کے ملکوں نے طے کیے ہیں۔

0815 PM New

اس سے قبل وزیراعظم نے عالمی خطہئ جنوب کے ملکوں اپیل کی کہ وہ متحد ہوکر ایک دوسرے کی طاقت بنیں۔

انھوں نے غیر یقینی کی کیفیت اور چیلنجوں کے موجودہ عالمی ماحول اور حالات پر تشویش کا اظہار کیا۔x

IMA PM Letter

انڈین میڈیکل ایسوسی ایشن IMA نے کولکاتہ کے RG Kar میڈیکل کالج معاملے میں وزیر اعظم نریندر مودی کو ایک خط لکھ کر حفظان صحت کے عملے کے خلاف تشدد کو روکنے کیلئے ایک مرکزی قانون بنانے میں اُن کی مداخلت چاہی ہے۔ IMA نے کہا ہے کہ سبھی اسپتالوں کی سیکورٹی پروٹوکول ہوائی اڈوں کی طرح ہونا چاہئے۔اس نے یہ بھی کہاہے کہ اسپتالوں کو لازمی سیکورٹی حقوق کے ساتھ محفوظ مقام قرار دیا جاناچاہئے۔ IMAنے اپنے خط میں مقررہ وقت کے اندر جرائم کی باریکی کے ساتھ اور پیشہ وارانہ انداز میں تحقیقات اور فوری انصاف کی درخواست کی ہے۔اس کے ساتھ ہی IMA نے غمزدہ

کنبے کیلئے مناسب معاوضہ دینے کی بھی مانگ کی ہے اور ڈاکٹروں کیلئے کام کے ماحول کو بہتر بنانے کا مطالبہ کیاہے۔

Health care Centre

مرکزی حکومت نے حفظانِ صحت کے پیشہ ور افراد کے تحفظ کو یقینی بنانے کے لیے سبھی ممکنہ اقدامات تجویز کرنے کی خاطر ایک کمیٹی تشکیل دینے کا فیصلہ کیا ہے۔ حکومت نے FORDA اور IMA سمیت حفظانِ صحت کے مختلف فریقوں کے ذریعے ظاہر کی گئی تشویش پر غور کرنے کے بعد یہ فیصلہ کیا ہے۔ اُس نے ریاستی سرکار کو بھی مدعو کیا ہے کہ وہ اِس معاملے پر مجوزہ کمیٹی کے لیے اپنی تجاویز پیش کریں۔

CBI Probe

سی بی آئی کولکاتہ کی ڈاکٹر کی عصمت دری اور قتل کیس کے ملزم سنجے رائے کا نفسیاتی جائزہ لے گی۔ اِس معاملے پر ملک گیر سطح پر احتجاج ہوا ہے۔ CBI کے ایک اہلکار نے بتایا کے دلی میں سینٹرل فورنسک سائنس لیباریٹری کے نفسیاتی اور رویے کا پتہ لگانے والے تجزیہ کاروں کی ایک ٹیم کولکاتہ پہنچ گئی ہے، تاکہ ضروری ٹیسٹ کیے جا سکیں۔ CBIنے پہلے ہی رائے کو اپنی تحویل میں لے رکھا ہے۔

اِس دوران سی بی آئی نے RG Kar میڈیکل کالج اور اسپتال کے سابق پرنسپل ڈاکٹر سندیپ گھوش سے کَل لگاتار دوسرے دن پوچھ تاچھ کی تھی۔ انھیں پوچھ تاچھ کے ایک اور دور کے لیے دوبارہ CBI کے دفتر طلب کیا گیا تھا۔x

Rajnath Visit

وزیر دفاع راجناتھ سنگھ آج چنئی کے اپنے دورے کے دوران انڈین کوسٹ گارڈ کے ایک نئے جدید میری ٹائم Rescue کوآرڈی نیشن سینٹر کا افتتاح کریں گے۔ وہ چنئی میں میری ٹائئم Pollution Response سینٹر اور پوڈوچیری میں کوسٹ گارڈ کے ایئر انکلیو کا بھی افتتاح کریں گے۔

یہ Pollution سینٹر چنئی کی بندرگاہ پر واقع ہے اور یہ بحری خطے میں آلودگی سے نمٹنے کے شعبے میں ایک اہم قدم ہے۔ یہ سینٹر پانی میں کثافت کے واقعات، خاص طور پر ساحلی ریاستوں سے متصل بحری علاقے میں تیل اور کیمیکل وغیرہ کے رساؤ کی صورت میں تال میل کے ساتھ اقدامات کرنے میں اہم رول ادا کرے گا۔

Jaishankar Kuwiat Visit

وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر آج کویت کے سرکاری دورے پر روانہ ہوں گے۔ اپنے دورے کے دوران ڈاکٹر  ایس جے شنکر کویت کے اپنے ہم منصب عبداللہ Ali Al Yahya کے ساتھ ملاقات کریں گے۔ توقع ہے کہ وہ کویت کی قیادت کے ساتھ بھی بات چیت کریں گے۔ڈاکٹر ایس جے شنکر کے اس درے کے دوران دونوں ملک سیاست، تجارت، سرمایہ کاری، توانائی، سلامتی، ثقافت، قونصلر اور عوام سے عوام کے درمیان رابطوں سمیت دونوں ملکوں کے درمیان باہمی تعلقات کے مختلف پہلوؤں کا جائزہ لیں گے۔ اس کے علاوہ دونوں ممالک آپسی مفاد کے علاقائی اور  بین الاقوامی امور پر بھی تبادلہ خیال کریں گے، جس میں مشرق وسطیٰ اور جنوب ایشیا میں تبدیل ہوتی جغرافیائی سیاسی صورتحال کو ممکنہ طور پر حل کیا جائے گا۔x

Housing Min Metro

مکانات اور شہری امور کے مرکزی وزیر منوہرلال نے گزشتہ دہائی میں ملک کی میٹرو ریل نیٹ ورک میں یکسر تبدیلی لانے والی پیشرفت کو اجاگر کیاہے۔ کل میڈیا کے افراد سے بات کرتے ہوئے مرکزی وزیرنے کہا

SB Manohar lal

انہوں نے کہاکہ 2014 سے قبل بھارت میں میٹرو ریل نظام محض 248 کلومیٹر تک محدود تھا اور یہ صرف پانچ شہروں میں چل رہاتھا، لیکن گزشتہ دس برسوں میں نئی میٹرولائنوں کے 700 سے زیادہ کلومیٹر کو چالو کیاگیاہے۔ اس طرح سے کُل 945 کلومیٹر لائنوں کو اب چالو کردیاگیاہے اور میٹروخدمات کو ملک کے دیگر 21 شہروں تک توسیع دے دی گئی ہے۔

مرکزی وزیر نے مرکزی کابینہ کی طرف سے تین بڑے میٹرو ریل پروجیکٹوں کی حالیہ منظوری کے بارے میں بات کی، جن میں بینگلورو میٹرو پروجیکٹ، تھانے اور پونے میٹرو پروجیکٹ شامل ہیں۔انہوں نے مزید کہا کہ تین نئے پروجیکٹوں کی منظوری کے ساتھ بھارت میں اب میٹرو کی ایک ہزار کلومیٹر سے زیادہ لائنیں زیرتعمیر ہیں۔انہوں نے یہ بھی بتایاکہ فی الحال دہلی میٹرو ریل کارپوریشن، بنگلہ دیش میں ایک میٹرو ریل نظام نافذ کررہا ہے اور اس نے جکارتہ میں مشاورتی خدمات فراہم کی ہیں۔

انہوں نے یہ بھی کہا کہ اسرائیل، سعودی عرب، کینیا El-Salvador میں بھی اپنی میٹرو کے ترقیاتی پروجیکٹوں کیلئے دلی میٹرو ریل کارپوریشن کے ساتھ شراکت داری میں اپنی دلچسپی ظاہرکی ہے۔

Nadda  Congress Muda

بھارتیہ جنتاپارٹی کے صدر جے پی نڈا نے بدعنوانی کے معاملوں پر کانگریس کو تنقید کا نشانہ بنایاہے۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں انہوں نے الزام لگایاکہ نیشنل ہیرالڈ معاملے سے لے کر کرناٹک میں میسورو اربن ڈیولپمنٹ اتھارٹی گھپلے تک بدعنوانی کے ساتھ کانگریس پارٹی کی تاریخ پوری طرح واضح ہے اور اس میں کوئی ڈھکی چھپی بات نہیں ہے۔

جناب نڈا نے الزام لگایا کہ کانگریس نے ذاتی فائدے کیلئے عوام کے اعتماد کے ساتھ دھوکہ کیا ہے۔ انہوں نے مزید کہاکہ کرناٹک کے گورنر کے فیصلے کو غیرآئینی قرار دینے کے بجائے کانگریس کو اپنی ہی حرکتوں پر نظرڈالنی چاہئے۔

BREAK

یہ خبرنامہ آکاشوانی سے نشر کیا جارہا ہے۔

GONG

Govt FMD MUkt Bharat

ماہی پروری، مویشی پروری اورڈیری کے مرکزی وزیر راجیو رنجن سنگھ نے اُن اقدامات کا جائزہ لیا جو ٹیکہ کاری کے ذریعے 2030 تک بھارت کو پیر اور منہ کی بیماری سے پاک بنانے کے مقصد کو حاصل کرنے کے لیے محکمہ کی جانب سے کیے گئے ہیں۔ ڈاکٹر سنگھ نے اس بات کو اجاگر کیا کہ مویشی کا سیکٹر نہ صرف بھارتی معیشت کے لیے اہم ہے بلکہ کسانوں کے ذریعے معاش کے لیے بھی ضروری ہے۔ کَل ایک میٹنگ کے دوران 2030 تک بھارت کو پیر اور منہ کی بیماری سے پاک بنانے کے لیے ایک ایکشن پلانٹ پر تبادلہ خیال کیا گیا ہے۔

جناب سنگھ نے یہ بھی کہا کہ یہ بڑے اعزاز کی بات ہے کہ سبھی مویشیوں کے لیے ٹیکے، ICACاداروں کی جانب سے تیار کیے گئے ہیں اور انھیں ملک میں ہی تیار کیا گیا ہے۔ انھوں نے کہا کہ بھارت میں اب مخصوص ایشیائی ملکوں کو ٹیکے برآمد کرنے کی صلاحیت ہے۔

Nepal FM India Visit

نیپال کی وزیرخارجہ ڈاکٹر آرزو رانا دیوبا وزیرخارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکرکی دعوت پر پانچ روزہ سرکاری دورے پر آج بھارت آرہی ہیں۔وزارت خارجہ نے ایک بیان میں کہا ہے کہ یہ دورہ بھارت اور نیپال کے درمیان مسلسل اعلیٰ سطحی تبادلوں کی روایت کے مطابق ہے۔وزارت نے کہا کہ نیپال، بھارت کی پڑوسی مقدم پالیسی میں ایک ترجیحی شراکت دار ہے۔ اس دورے سے دونوں ملکوں کو دوطرفہ تعاون میں ہونے والی پیشرفت اور اپنے رابطوں کو آگے بڑھانے سے متعلق تبادلہ خیال کرنے اور جائزہ لینے کا موقع ملے گا۔نیپال کی وزارت خارجہ نے ایک بیان میں کہا ہے کہ ڈاکٹر دیوبا، ڈاکٹر جے شنکر کے ساتھ میٹنگیں کریں گی، جس میں باہمی مفاد کے امور پر تبادلہ خیال کیا جائے گا،جس کا مقصد نیپال اور بھارت کے درمیان رشتوں کو مضبوط کرنا اور تعاون کو فروغ دینا ہے۔

Mumbai Gold Dust Seized

ڈائریکٹوریٹ آف ریوینو انٹلی جنس نے ممبئی ایئرپورٹ پر اسمگلنگ کے ذریعہ لایاگیا تین کروڑ33 لاکھ روپے مالیت کا چارہزار 500 گرام سے زیادہ سونا ضبط کیاہے۔ اس معاملے میں دو افراد کو گرفتار کیاگیاہے، جو اپنے خصوصی طور پر بنائے گئے جیکٹس میں سونے کے چار پیکٹ چھپا کر ابوظہبی سے ممبئی لارہے تھے۔

US Court Rana

امریکہ کی ایک عدالت نے کہا ہے کہ 11/26 ممبئی دہشت گردانہ حملوں کے ملزم تحور حسین رانا کو بھارت بھیجا  جا سکتا ہے۔ کیلی فورنیا میں اپیلوں کی سماعت کرنے والی امریکی عدالت نے کہا ہے کہ بھارت اور امریکہ کے درمیان حوالگی کا معاہدہ رانا کی حوالگی کی اجازت دیتا ہے۔ تحور حسین رانا 2008 کے دہشت گردانہ حملوں میں اپنے کردار کے لیے بھارت کو مطلوب ہے جس میں 160 سے زیادہ لوگ ہلاک ہوئے تھے۔ یہ فیصلہ اُس اپیل کے بعد سامنے آیا ہے جو 63 سالہ رانا نے خود کو بھارت بھیجے جانے کے کسی بھی اقدام کے خلاف ایک اپیل دائر کی تھی۔

اِس سے پہلے رانا نے مجسٹریٹ جج کے اُس فیصلے کو چیلنج کیا تھا جس میں اُسے ایسے زمرے میں رکھا گیا تھا جس کے تحت اُسے ممبئی دہشت گردانہ حملوں میں اُس کے رول کے لیے  بھارت کے حوالے کیا جا سکتا ہے۔

وہ 11/26 حملوں سے منسلک الزامات کے سلسلے میں لاس اینجلس کی ایک جیل میں بند ہے۔ سمجھا جاتا ہے کہ رانا لشکر طیبہ کے دہشت گرد پاکستانی امریکی شہری David Coleman Headleyوابستہ ہے۔ Headley دہشت گردانہ حملوں کا ایک سازش کار ہے اور اس پر یہ بھی الزام ہے کہ اُس کے پاکستان کی انٹر سروسز انٹیلی جینٹس ISI کے ساتھ بھی رابطے تھے۔x

IMD Weather

بھارت کے محکمہ موسمیات نے اگلے دو سے تین دن کے لیے ملک کے مشرقی علاقے میں شدید سے بہت شدید بارش کی پیشگوئی کی ہے۔

مزید تفصیل ہمارے نامہ نگارسے

VC- Pallavi

توقع ہے کہ جنوبی بنگلہ دیش میں ہوا کا کم دباؤ والا علاقہ شمال -شمال مغرب کی جانب بڑھ سکتا ہے اور کَل تک بنگلہ دیش اور مغربی بنگال کے گنگا کے علاقے میں ہوا کا کم دباؤ والا علاقہ بن سکتا ہے۔ محکمہ موسمیات نے کہا ہے کہ اس کے اثر سے توقع ہے کہ اِس ماہ کی 20 تاریخ تک مغربی بنگال کے گنگا کے علاقے، اوڈیشہ، جھارکھنڈ، بہار ذیلی ہمالیائی مغربی بنگال، سکم، آسام، میگھالیہ، ناگالینڈ، منی پور، میزورم اور تری پورہ میں شدید سے بہت شدید بارش ہوگی۔ محکمہئ موسمیات نے اگلے دو روز کے دوران کیرالہ، تمل ناڈو اور لکش دیپ میں شدید سے بہت شدید بارش کی بھی پیشگوئی کی ہے۔

اسی دوران محکمہ موسمیات نے کہا ہے کہ توقع ہے کہ دلی میں پورے ہفتے بارش یا گرج چمک کے ساتھ چھیٹے پڑنے کے ساتھ آسمان عام طور پر ابر آلود رہے گا۔

نئی دلی سے Pallavi پَرمار کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کیلئے میں حسین اختر

Russsia Earthquake

روس کے مشرقی ساحل پر سات اعشاریہ صفر کی شدت کا زلزلہ آیا۔ امریکی ارضیاتی سروے نے یہ خبردی ہے۔ یہ زلزلہ آج صبح سویرے آیا جس کا مرکز روس کے انتہائی مشرقی ساحل پر واقع شہر Petropavlovsk-Kamchatsky سے88 کلومیٹر دور 48 کلومیٹر سے زیادہ گہرائی میں تھا۔

Badminton J C'Ships

15اور 17 سال سے کم عمر بیڈمنٹن کھلاڑیوں کیلئے چین میں 20 اگست سے شروع ہونے والے چمپئن شپ کیلئے بھارت نے 39 کھلاڑیوں کا دستہ بھیجا ہے۔انڈر17 زمرے میں اس دستے کی قیادت شیام Bindiganavile جبکہ انڈر15 میں قیادت تنوی Patri کررہی ہیں۔ شائنا Manimuthu انڈر17 کے سنگلز کے علاوہ Aikya Shetty کے ساتھ ڈبلز میں بھی کھلیں گی۔

چین میں ہی پچھلے سال ہوئی چمپئن شپ میں بھارت نے سونے کا ایک، چاندی کا ایک اور کانسے کا ایک تمغہ جیتا تھا۔ Bornil Changmai انڈر15 لڑکوں کے سنگلز پوڈیم میں سرفہرست رہے۔

Tennis

ٹینس میں Iga Swiatek اور Jannik Sinner سنسناٹی اوپن 2024 کے سیمی فائنل میں اپنے اپنے مقابلے کھیلیں گے۔ پولینڈ کی کھلاڑی بیلاروس کی اپنی حریف Aryna Sabalenkaسے مقابلہ کریں گی۔ یہ میچ آج رات بھارتی وقت کے مطابق ساڑھے آٹھ بجے کھیلا جائے گا۔ اس سے پہلے کوارٹر فائنل میں Swiatek نے روس کی Mirra Andreeva کو چارچھ، چھ تین، سات پانچ سے ہرایاتھا۔

مردوں کے سنگلز میں اٹلی کے Sinner آج رات جرمنی کے Alexander Zverev سے کھیلیں گے۔ Sinner نے روس کے Andrey Rublev کو چارچھ، سات پانچ، چھ چار سے ہرا کر سیمی فائنل میں جگہ بنائی تھی۔

یہ تھی خبریں

PRESS COMMENTS

اب اخبارات کے آئینہ کے ساتھ ہیں: ......فہیم احمد

شکریہ - کلیم

قومی راجدھانی دلی سے شائع ہونے والے تقریباً سبھی اردو اخبارات نے وائس آف گلوبل ساؤتھ کانفرنس سے وزیراعظم کے خطاب کو اپنی شہ سرخی بنایاہے۔ اخبار پرتاپ نے وزیراعظم کے حوالے سے سرخی لگائی ہے"گلوبل ساؤتھ ممالک انسانیت کو انصاف

دلائیں“۔اخبار ملاپ سرخی دیتا ہے وزیرخارجہ ایس جے شنکر نے گلوبل ساؤتھ کے پائیدار مستقبل کے کلیدی موضوعات پر روشنی ڈالی۔

اخبار انقلاب نے کرناٹک کے وزیراعلیٰ سدا رمیا کے خلاف مبینہ زمین گھوٹالے میں مقدمہ چلانے کی اجازت دیئے جانے سے متعلق خبر کو شہ سرخی بنایاہے۔

اخبارات نے کولکاتہ میں خاتون ڈاکٹر کی عصمت دری اور قتل کے واقعے کے خلاف ڈاکٹروں کی ملک گیر ہڑتال کی خبر کو نمایاں طور پر شائع کیاہے۔

اخبار ہندوستان ایکسپریس کی ایک سرخی ہے فوج کی شمالی کمان کے کمانڈر نے شمالی کشمیر میں سیکورٹی صورتحال کا جائزہ لیا۔

اخبار پرتاپ نے اترپردیش کے وزیراعلیٰ یوگی آدتیہ ناتھ کے اس بیان کو قومی صفحہ پر جگہ دی ہے کہ 60 ہزار سے زیادہ نوجوانوں کو پولیس میں بھرتی کا موقع ملے گا۔

اخبارات کی بین الاقوامی خبریں اس طرح ہیں:

★ غزہ پر اسرائیل کی بمباری جاری، ہلاکتوں کی تعداد 40 ہزار74 پہنچ گئی۔

★ مصر میں سوڈان کے وزیرتعلیم کا اچانک انتقال۔

★ سوڈان میں ہیضے کی وجہ سے 300 سے زائد افراد کی موت۔

آخر میں خاص خبریں ایک بار پھر

1 وزیر اعظم نریندر مودی نے عالمی جنوب میں ترقی کو تقویت دینے کے لیے انسانوں پر مرکوز جامع عالمی ترقی کی تجویز پیش کی ہے۔

2 انڈین میڈیکل ایسوسی ایشن نے حفظانِ صحت کے پیشہ ور افراد کے خلاف تشدد کی روک تھام کے لیے مرکزی قانون لانے کی خاطر وزیراعظم کی مداخلت چاہی ہے۔

مرکز حفظانِ صحت کے عملے کے لیے حفاظتی اقدامات تجویز کرنے کی خاطر ایک کمیٹی تشکیل دے گا۔

3 وزیر دفاع راجناتھ سنگھ آج چنئی میں انڈین کوسٹ گارڈ کے ایک نئے جدید میری ٹائم Rescue کوآرڈینیشن سینٹر کا افتتاح کریں گے۔

4 وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر آج کویت کا سرکاری دورہ کریں گے۔

5 امریکی عدالت نے کہا ہے کہ 11/26 ممبئی دہشت گردانہ حملے کے ملزم تحور حسین رانا کو بھارت بھیجا جا سکتا ہے۔

6 اور

بھارت نے منگل کو چین کے Chengdu میں شروع ہونے والی جونیئر بیڈمنٹن چیمپئن شپ کے لیے 39 کھلاڑیوں کا دستہ بھیجا ہے۔

اسی کے ساتھ یہ خبر نامہ ختم ہوا۔

---------------------------------------